ہماری جملہ مطبوعات پاکستان میں زرانی بک سٹال
نزد نگار سینما لارنس روڈ کراچی سے خرید کریں

شیخ مختار کا پیش کردہ فلم

منگو

کہانی
اور
گانے

میوزک
او۔ پی۔ نیر

اداکاران
شیلا رمانی۔ نگار۔ شیخ مختار
وغیرہ۔ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ کہانی

ڈاکٹر غوری عرصہ سے ایک ایسی دوا ایجاد کرنے کی کوشش میں تھا جسکو انجکشن کے ذریعہ انسان کے جسم میں داخل کرکے وہ آدمی کو اپنے اشاروں پر چلائے۔ جسکے لئے اُسے بہت بڑی رقم کی ضرورت تھی۔ اور اس سلسلہ میں اُسکا پہلا شکار اُسکے اپنے چچا تھے۔ چچا کی موت کے بعد کروڑوں روپیوں کی جائیداد کے وارث ابھی دو اور بھی تھے۔ ایک ننھی رینو اور دوسری اُسکی ماں۔ غوری اُنکو ٹھکانے لگانے کیلئے روز و شب اسکیمیں بناتا رہتا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

منگو کے گانے

نمبر ۱

من مورے گا جھوم کے

رُت یہ بہار کی۔ یہ موج پیار کی

لوٹ کے نہ آئیگی جھوم رے گا..... من مورے...

وہ ساتھ نہیں نگاہیں ملا

دُنیا ہے کیا۔ دو گھڑی بھول جا

رُت یہ بہار کی...... من مورے.....

ہر کھلا ہو۔ بادل ہو اور وہ صنم

کوئل نہ کوکے تو ہائے ستم

رُت یہ بہار کی...... من مورے.....

نغموں کی ایسی اُٹھا موج رے

جاؤں نکل بادلوں سے پرے

رُت یہ بہار کی...... من مورے.....

گانا نمبر ۲:۔ کوئی پکارے دھیرے سے بچے

انکھوں کے تارے دِل کے سہارے.... کوئی پکارے....
رین سُہانی کرکے سنگھار آئی
رنگ بر نگے سپنوں کے ہار لائی
آئی تیرے پلکوں کے دوار رے
دِل کے سہارے.... کوئی پکارے....
چھپ گیا چندا بادل کی اوڑھنی میں
کھو گئی دُنیا چندریا کی راگنی میں
تو بھی سو جا راج دُلار رے
دِل کے سہارے .... کوئی پکارے....
گانا نمبر ۲:۔ کمزور دِل میرے من پیارے ملی نظر دلدار سے
یہی ہے موقعہ کہاں نہیں دھوکا
جیت لے بازی ہار کے ..... کمزور دِل میرے من....
خاموش نہیں رہ جانا الفت کے نغمے گانا
دُنیا کی ہم کیسے لیں نظر. انصاف میرے دِل یہ ہے مگر
پیار کا بدلا پیار سے ملی نظر دلدار سے
کمزور دِل میرے من....
کیا دُنیا. کیا یہ بستی. اپنی تو دُنیا مستی
ارمانوں کی لہریں اِدھر اُدھر۔ اڑ کے من کی نیا ڈگر مگر
کمزور ہیں اس بار سے. نظر ملی دلدار سے
کمزور دِل میرے من....
گانا نمبر ۳۔ محبت دِل کے بس اتنے سے افسانے کو کہتے ہیں
کسی کی اِک ادا پر دِل کے آ جانے کو کہتے ہیں

محبت دِل کے ......

ملا کر آنکھ آنکھیں پھیر لینا اور تڑپانا
کسی کی دِل کی بے چینی کو دُنیا نے نہیں مانا
محبت حُسن والے دِل کے تڑپانے کو کہتے ہیں
محبت دِل کے...

یہ باتیں پیار کی میرے سمجھنے میں نہیں آتیں
یہ باتیں خود سمجھنے کی ہیں۔ سمجھائی نہیں جاتیں
بڑے بھولے ہیں وہ جو یہ بھی سمجھانے کو کہتے ہیں
محبت دِل کے....

نبھائیں عمر بھر دونوں بلا سے جگ ہنسائی ہو
تڑپ کر جان دیدیں گر نصیبوں میں جُدائی ہو
محبت ساتھ جینے ساتھ مر جانے کو کہتے ہیں۔
محبت دِل کے.....

گانا نمبر ۵:۔ ذرا پیار کر لے بابو اقرار کر لے بابو
سُن بات! ایک دِل دیکھے دیکھ موہے ایکبار بابو
ذرا پیار....

یہ رُت یہ رنگ یہ گانے
تیرے لئے ہیں دیوانے
چُپکے سے دِل میں آجا
پھر دیکھ مزا جینے کا
کالی گھٹا کو۔ ٹھنڈی ہوا کو۔ تیرا انتظار بابو
ذرا پیار....

آجا گلی میں پلکوں کی
ٹھنڈی ہے چھاؤں زلفوں کی
آنچل کے جگائیں جادو
ہونے دے نظر بے قابو
پھر جائے دھوم رہی جھوم جھوم کرے من پکار بابو
ذرا پیار....
جلدی سے دل میں رکھ لے دل
آجائے پیار کی منزل
کر لیں یوں چار نگاہیں
تو تم کو تجھے ہم چاہیں
کھل جائیں دلوں کی راہیں
گائیں وہ راگ رک جائے آج۔ جائی بہار بابو
ذرا پیار....

گانا نمبر ۹:۔ بول پردیسیا یہ تو نے کیا کیا
اپنا بنا کے سیّاں ہائے دغا دیدیا
بول پردیسیا....
کس کو میں جاؤں سمجھانے
درد میرا اب تو نہ جانے.... بول پردیسیا....
جب تو ہی نہیں پاؤں گی میں
ادبے دنا گیت جاؤں گی میں
بول پردیسیا....
اتنا ہی بتلاتے جانا

میری گلی کب ہوگا آنا...... بول پردیسیا..

گانا نمبر ۸
یہ کہتا ہے ہم سے ہر اک جانے والا
گیا جو پلٹ کر نہیں آنے والا
ہے جبتک یہ دنیا یہ میلے رہیں گے
مگر ہم ہمیشہ اکیلے رہیں گے
ہے جبتک یہ دنیا..

بدلتی ہے دنیا سدا رنگ اپنا
جو دیکھا تھا کل بن گیا آج سپنا
نہ دنیا رہے گی۔ نہ میلے رہیں گے
ہے جبتک یہ دنیا......

سدا یوں ہی گونجے گی شہنائیوں کی
زمانے کی رونق کبھی کم نہ ہوگی
ہے جبتک یہ دنیا...

رہے گا ہمیشہ یوں ہی آنا جانا
کہے گا زمانہ نیا اک فسانا
یوں ہی زندگی کے جھمیلے رہیں گے
ہے جبتک یہ دنیا......

مبارک ہو تم کو خوشی زندگی کی
نہیں چین مجھکو گھڑی دو گھڑی بھی
ستائے ہوئے ہیں اکیلے رہیں گے
ہے جبتک یہ دنیا......

ختم شد

ٹیلر ماسٹر بن جاؤ

آجکل معمولی درزی کا کام جاننے والا بھی پندرہ بیس روپے روزانہ کما لیتا ہے۔ ہماری کتاب کٹائی سلائی شکشا کی مدد سے تو آپ ہر طرح کے نئے نئے فیشنوں کے زنانہ مردانہ اور بچوں کے کپڑے کاٹ اور سی سکتے ہیں۔ اور پورے ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔ اس کتاب کی مدد سے کوٹ، پتلون، قمیض، شلوار، پاجامہ، غرارہ، بلاوز، جمپر، بش شرٹ وغیرہ وغیرہ غرضیکہ زمانہ حال کے ہر طرح کے کپڑوں کی کٹائی اور سلائی کا پورا پورا بیان تصویروں سے سمجھایا گیا ہے۔ اس کتاب میں ۱۶۸ صفحے ہیں۔ اور تقریباً ایک صد تصویریں ہیں جنکی مدد سے ایک معمولی پڑھی لکھی عورت مرد ایک کامیاب ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۳/۱ محصول ڈاک معاف

صابن بنانا سیکھو

اس نایاب کتاب میں ہر قسم کے نہانے دھونے کے دیسی انگریزی صابنوں کے بہترینہ نسخہ جات لکھے گئے ہیں۔ مصنف نے صابن بنانے کے تجربات میں ہزاروں روپیہ پانی کی طرح بہایا ہے۔ اور سیکڑوں طرح کے صابن بنانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اس میں ٹھنڈے اور گرم طریقے سے صابن بنانے کے کئی طریقے اور نسخہ جات ہیں۔ دیگر تیلوں مہوا کا شاک لاکھ بیروزہ چربی نمک وغیرہ جو کہ اسکے خاص جز ہیں۔ پر بھی کافی روشنی ڈالی گئی ہے بلغیر تیل کے صابن کس طرح بنایا جاتا ہے۔ کا طریقہ جو کہ ہزاروں روپیہ خرچ کرنے پر بھی نہیں مل سکتا۔ آپ اس کتاب میں پڑھیں گے۔ اس کتاب کی مدد سے آپ ماہر فن بنکر ہزاروں روپیہ کما سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۸/۱ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ:- **رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی**

۸

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے خمیرہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ سگار سرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف ۱۰/۱ محصولڈاک مُعاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں تجنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور بعض فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مُصنف نے اس کتاب کے اندر تمام مشہور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک مُعاف

کمپونڈرز گائیڈ

کمپونڈر کے فرائض مرض کی تشخیص نسخہ دوا بنانے کی ترکیب۔ زہلایات۔ نگہ۔ زہر یلا ہمیانے مختلف انگریزی ادویات کے اصلی نسخے۔ غرض یہ کتاب مکمل رہنمائے کمپونڈران ہے۔ قیمت مکمل تین حصے صرف ۱۰/۱ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون خمیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے۔ اور مٹھائیاں بنانے کے گُر۔ ہزار ہا روپے کے قیمتی نادر نسخے کہ جن سے اشرفیاں پیدا کر نیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اُٹھائیے۔

قیمت صرف ۱/۸ محصولڈاک مُعاف

ملنے کا پتہ:۔ رتن اینڈ کو بُک سیلرز دریبہ کلاں دھلے

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)